12 مالیاتی خواندگی

ہم سیکھیں گے

- بینک کھاتہ کھلوانے سے متعلق معلومات کا استعمال کرنا
- بینک سے متعلق فارم پڑھنا، سمجھنا اور پُر کرنا (چیک، جمع کرنے کی پرچی نقد نکالنے والی پرچی)

میرا کھاتہ میری شان

شربتی نے گُلّک توڑا۔ ڈھیروں نوٹ اور سکّے چھنا چھن گر پڑے۔ شربتی نے انہیں گنا، کُل 2573 روپے تھے۔ یہ پیسے اس نے بڑے جتن سے جمع کیے تھے۔ اب سوال یہ تھا کہ ان کی حفاظت کیسے ہو؟ مشورہ کرنے کے لیے وہ زبیدہ کے پاس گئی۔ زبیدہ اور شربتی پکّی سہیلیاں ہیں۔

زبیدہ نے مشورہ دیا کہ بینک میں جمع کرو یا ڈاک گھر میں کھاتہ کھلوا لو۔ شربتی بھڑک گئی، ''بینک کے بیسیوں چکّر لگا چکی ہوں کسی نے گھاس نہ ڈالی۔'' زبیدہ نے کہا اب ایسا نہیں ہے۔'' دونوں میں کافی بحث ہوئی۔

آخر شربتی مان گئی۔ دونوں بینک پہنچیں۔ وہاں بورڈ لگا تھا۔ بورڈ پڑھ کر دونوں مسکرائیں۔ بینک میں انھیں مزید اور معلومات حاصل ہوئی۔ کھاتہ شروعاتی رقم کے بغیر ہی جن دھن اسکیم کے تحت کھُلے گا۔ ساتھ ہی قرض (لون) کی سہولت بھی ملے گی۔ حادثہ بیمہ بھی ہو جائے گا اور وقتاً فوقتاً حکومت کے ذریعہ دی جانے والی مالی مدد بھی سیدھے بینک کھاتے میں ہی جمع ہو گی۔

پردھان منتری جن دھن اسکیم

دونوں حیران تھیں اور خوش بھی۔وہ جانتی تھیں کہ بینک میں رقم محفوظ رہے گی اور اس پر سود بھی ملے گا۔اتنے سارے فائدے !... واہ ... کیا بات ہے!اب زبیدہ بھی کھاتہ کیوں نہ کھلواتی۔

دونوں نے بچت کھاتہ کھلوانے کے لیے فارم بھر کر جمع کیا۔شربتی نے فارم میں اپنے شناختی کارڈ اور آدھار کارڈ کی فوٹو کاپی لگائی جس میں اس کے گھر کا پورا پتہ لکھا تھا۔زبیدہ کا روپے دیبٹ کارڈ کھو گیا تھا۔اس نے سرپنچ سے خط لکھوا کر لگا دیا۔

کچھ دن بعد ڈاکیہ ڈیبِٹ روپے کارڈ (ATM) دے گیا۔

روپے کارڈ سے وہ کسی بھی بینک کی اے ٹی ایم مشین سے پیسے نکال سکتی تھی۔

(RuPay) روپے کارڈ پا کر دونوں خوش تھیں۔زبیدہ بولی ”ہمارا تو رتبہ ہی بڑھ گیا ہے۔ہم بھی کھاتے والے ہو گئے ہیں۔“

”میرا کھاتہ میری شان۔“

از: نشاط فاروق

- بینک میں کھاتہ کھولیں، ساہو کار سے چھٹکارا ملے گا۔
- کھاتہ کھولنا بہت آسان ہے، چھوٹا سا فارم بھریے۔
- ساتھ میں کوئی شناختی دستاویز لگائیے۔
- اگر پہلے سے کھاتہ کھُلا ہے تو وہ جن دھن اسکیم سے جُڑ سکتا ہے۔

صحیح فقروں کو جوڑ کر جملے پورے کیجیے۔

• بینک میں کھاتا	• شناختی کارڈ کی نقل لگانی ہے
• بینک میں رقم	• رقم سے کھلے گا
• کھاتا بنا شروعاتی	• دے گیا
• ڈاکیہ روپے کارڈ	• کھولنا ہوا آسان
• فارم کے ساتھ	• محفوظ رہتی ہے

پڑھیے، بتائیے اور لکھیے۔

سوال 1 زبیدہ نے شربتی کو پیسہ جمع کرانے کے لیے کیا مشورہ دیا؟

سوال 2 کیا آپ کا بھی بینک میں بچت کھاتہ ہے؟ اپنے بینک کا نام لکھیے؟

سوال 3 کیا آپ کو بینک یا ڈاک گھر میں پیسوں کے لین دین میں کسی طرح کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہے؟

____

____

____

■ صحیح الفاظ سے جملے پورے کیجیے۔

1۔ کھاتہ ______ میں یا ______ میں کھولنا چاہیے۔

2۔ اپنی ______ کے حساب سے خرچ کرنا چاہیے۔

3۔ جمع رقم پر ______ ملتا ہے۔

4۔ بینک میں کھاتہ کھولنے کے لیے ______، ______ کی ضرورت ہوتی ہے۔

■ نیچے دیا گیا فارم پُر کیجیے۔

نام ______

عمر ______

جنس ______

پتہ ______

______

سالانہ آمدنی ______

موبائل نمبر ______

دیکھیے، پڑھیے، اور بات چیت کیجیے


जमापर्ची
PAY-IN-SLIP
नकद/अंतरण
CASH/TRANSFER
भारतीय स्टेट बैंक STATE BANK OF INDIA
.... शाखा/Branch
दिनांक/Date ....20.......
खाते का प्रकार : बचत बैंक/चालू खाता/आवर्ती जमा/कैश क्रेडिट/सावधि ऋण
TYPE OF ACCOUNT : SB/CA/RD/CC/TL
खाता सं./A/c No.
For the credit of the Bank Account of ....
.... के खाते में जमा कराने हेतु
नकद/चेकों के विवरण (पर्ची के दूसरी ओर) Details of Cash/Cheques (Overleaf) ₹ पै. P.
खाते में नकद जमा/Cash Deposit in the A/c
नकदी रखरखाव शुल्क/Cash handling Chrg.
कुल जमा/Total Deposit
रुपये (शब्दों में)/Rupees (in words) ....
कार्यालय उपयोग हेतु/For Office Use
एसडब्ल्यूओ/SWO
रोकड़ अधिकारी/पासकर्ता अधिकारी Cash Officer/Passing Officer

CC.NO.100999131
CSD.FBD : 9801/06.03.2013/1Lac Pads/Samira

जमापर्ची
PAY-IN-SLIP
भारतीय स्टेट बैंक / STATE BANK OF INDIA
.... शाखा / Branch
नकद/अंतरण
CASH/TRANSFER
नोट : कृपया नकद, चैक, ड्राफ्ट आदि जमा करने के लिए अलग-अलग पर्चियों का उपयोग करें/
Please use separate slips for depositing cash, cheque, drafts etc.
दिनांक/Date ....20.........
खाते का प्रकार / Type of Account (✓)
बचत बैंक /SB | चालू खाता / CA | आवर्ती जमा /RD | कैश क्रेडिट / CC | सावधि ऋण / TL
खाता सं./Account No.
के खाते में जमा करने हेतु / For the credit of the Bank Account of ....
नोट : कृपया नकद/चेक की विवरण दूसरी ओर लिखें / NOTE : Please furnish details of cash/cheque overleaf
₹ पै./P.
खाते में नकद जमा / Cash Deposit in the Account
'पी' खण्ड के ग्राहकों को छोड़कर नकद रखरखाव शुल्क (कैश क्रेडिट/चालू खाता)/Cash Handling Chrg. (CC/CA) other than 'P' Segment Cust.
कुल जमा रूपए (शब्दों में) / Total Deposit (in words) ₹ ....
मोबाइल/ टेलीफोन नं. / Mobile/Telephone No.
पैन नं. / PAN No.
शाखा/Branch
कोड नं./Code No
(यदि जमा राशि-मूल इतर (नॉन-होम) शाखा में जमा की जानी है)/(If Deposit is made for Non Home Branch)
जमाकर्ता के हस्ताक्षर / Signature of the Depositor
कार्यालय उपयोग हेतु / For Office Use
एसडब्ल्यूओ/SWO
रोकड़ अधिकारी/पासकर्ता अधिकारी / Cash Officer/Passing Officer

پیسے جمع کرنے کی پرچی


खाताधारक का (के) नाम / Name of the Account Holder(s)........................
भारतीय स्टेट बैंक
STATE BANK OF INDIA
.... शाखा / BRANCH
बचत बैंक आहरण फार्म
SAVINGS BANK WITHDRAWAL FORM
दिनांक
Date ....
नोट : यह फार्म चेक नहीं है। इस फार्म के साथ पासबुक प्रस्तुत नहीं किए जाने पर भुगतान के लिए इनकार किया जाएगा। यह भुगतान केवल मूल (होम) शाखा में ही किया जाएगा।
NOTE : This form is not a Cheque. Payment will be refused if the pass book is not produced with this form. This payment will be made only at the Home Branch.
खाता संख्या
ACCOUNT NUMBER
कृपया मुझे / हमें Please pay self/ourselves ₹........................ (₹ ....
.... मात्र/only)
का भुगतान करें और मेरे /हमारे उपर्युक्त बचत/बैंक खाते को यह राशि नामे करें।/ and debit the amount to my/our above savings bank account.
फोन/मोबाइल नं./Phone/Mobile No.
खाताधारक (कों) के हस्ताक्षर Signature(s) of the Account Holder(s)
कार्यालय उपयोग हेतु/FOR OFFICE USE
पासकर्ता/Passed by | हस्ताक्षर/Signature | पासकर्ता/Passed by | हस्ताक्षर/Signature
एसडब्ल्यूओ/SWO | | पासकर्ता अधिकारी/PASSING OFFICER |
CC No. 100101080
CSD.FBD.:8757/07.10.13/50,000 Pads/Samira

پیسے نکالنے کی پرچی

اے ٹی ایم کارڈ



پاس بک



چیک

بیس روپے کا نوٹ

اے۔ٹی۔ایم۔مشین

- بینک کھاتے سے خود روپے نکالنے یا کسی کو دینے کے لیے چیک کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔تصویر کو دیکھ کر چیک بھرنے کی مشق کیجیے۔



- بینک کھاتے میں رقم جمع کرنے کے لیے ایک جمع پرچی بھرنی پڑتی ہے۔تصویر کو دیکھ کر جمع پرچی کو سمجھیے۔



■ جیسے بینک کے کھاتے میں پیسہ جمع کرنے کے لیے پرچی بھرنی پڑتی ہے، ویسے ہی بینک کے کھاتے سے پیسہ نکالنے کے لیے بھی پرچی بھرنی پڑتی ہے۔تصویر کو دیکھ کر پرچی کو سمجھیے۔

پیسہ نکالنے کی پرچی



■ روی کو 7300₹ کا چیک روبینہ کو دینا ہے چیک بھرنے میں روبینہ کی مدد کیجیے۔



■ جان کو بینک میں ₹1700 جمع کرنے ہیں۔ پیسہ جمع کرنے کی پرچی بھرنے میں جان کی مدد کیجیے۔

پیسے جمع کرنے کی پرچی


जमापर्ची नकद/अंतरण
PAY-IN-SLIP CASH/TRANSFER
भारतीय स्टेट बैंक STATE BANK OF INDIA
.... शाखा/Branch
दिनांक/Date ....20.......
खाते का प्रकार : बचत बैंक/चालू खाता/आवर्ती जमा/कैश क्रेडिट/सावधि ऋण
TYPE OF ACCOUNT : SB/CA/RD/CC/TL
खाता सं./A/c No.
For the credit of the Bank Account of ....
.... के खाते में जमा कराने हेतु
नकद/चेकों के विवरण (पर्ची के दूसरी ओर) Details of Cash/Cheques (Overleaf) ₹ पै. P.
खाते में नकद जमा/Cash Deposit in the A/c
नकदी रखरखाव शुल्क/Cash handling Chrg.
कुल जमा/Total Deposit
रुपये (शब्दों में)/Rupees (in words) ....
कार्यालय उपयोग हेतु/For Office Use
एसडब्ल्यूओ/SWO | रोकड़ अधिकारी/पासकर्ता अधिकारी Cash Officer/Passing Officer

CSD.FBD.: 9801/06.03.2013/1Lac Pads/Samira CC.NO.100999131

जमापर्ची
PAY-IN-SLIP
भारतीय स्टेट बैंक / STATE BANK OF INDIA
.... शाखा / Branch
नकद/अंतरण
CASH/TRANSFER
नोट : कृपया नकद, चैक, ड्राफ्ट आदि जमा करने के लिए अलग-अलग पर्चियों का उपयोग करें/
Please use separate slips for depositing cash, cheque, drafts etc.
दिनांक/Date ....20.........
खाते का प्रकार / Type of Account (✓) | खाता सं./Account No.
बचत बैंक /SB | चालू खाता / CA | आवर्ती जमा /RD | कैश क्रेडिट / CC | सावधि ऋण / TL
के खाते में जमा करने हेतु / For the credit of the Bank Account of ....
.... नोट : कृपया नकद/चेक की विवरण दूसरी ओर लिखें / NOTE : Please furnish details of cash/cheque overleaf
₹ पै./P.
खाते में नकद जमा / Cash Deposit in the Account
'पी' खण्ड के ग्राहकों को छोड़कर नकद रखरखाव शुल्क (कैश क्रेडिट/चालू खाता)/Cash Handling Chrg. (CC/CA) other than 'P' Segment Cust.
कुल जमा रुपए (शब्दों में) / Total Deposit (in words) ₹ ....
मोबाइल/ टेलीफोन नं. / Mobile/Telephone No. | पैन नं. / PAN No.
शाखा/Branch | कोड नं./Code No
(यदि जमा राशि-मूल इतर (नॉन-होम) शाखा में जमा की जानी है)/(If Deposit is made for Non Home Branch) | जमाकर्ता के हस्ताक्षर / Signature of the Deposifor
कार्यालय उपयोग हेतु / For Office Use
एसडब्ल्यूओ/SWO | रोकड़ अधिकारी/पासकर्ता अधिकारी / Cash Officer/Passing Officer

■ زرینہ کو بینک سے ₹200 نکالنے ہیں پیسہ نکالنے کی پرچی بھرنے میں زرینہ کی مدد کیجیے۔

پیسے نکالنے کی پرچی


खाताधारक का (के) नाम / Name of the Account Holder(s)..
भारतीय स्टेट बैंक
STATE BANK OF INDIA
.... शाखा / BRANCH
बचत बैंक आहरण फार्म
SAVINGS BANK WITHDRAWAL FORM
दिनांक
Date ....
नोट : यह फार्म चेक नहीं है। इस फार्म के साथ पासबुक प्रस्तुत नहीं किए जाने पर भुगतान के लिए इनकार किया जाएगा। यह भुगतान केवल मूल (होम) शाखा में ही किया जाएगा।
NOTE : This form is not a Cheque. Payment will be refused if the pass book is not produced with this form. This payment will be made only at the Home Branch.
खाता संख्या
ACCOUNT NUMBER
कृपया मुझे / हमें Please pay self/ourselves ₹.............................. (₹ ....
.... मात्र/only)
का भुगतान करें और मेरे /हमारे उपर्युक्त बचत/बैंक खाते को यह राशि नामे करें I/ and debit the amount to my/our above savings bank account.
फोन/मोबाइल नं./Phone/Mobile No.
खाताधारक (कों) के हस्ताक्षर Signature(s) of the Account Holder(s)
कार्यालय उपयोग हेतु/FOR OFFICE USE
पासकर्ता/Passed by | हस्ताक्षर/Signature | पासकर्ता/Passed by | हस्ताक्षर/Signature
एसडब्ल्यूओ/SWO | | पासकर्ता अधिकारी/PASSING OFFICER |
CSD.FBD.:875/07.10.13/50,000 Pads/Samira CC No. 100101080

■ شربتی کی پڑوسی زرینہ اس سے پوچھتی ہے کہ بینک میں کھاتہ کھولنے سے کیا فائدے ہیں؟

شربتی—بینک کھاتے کے کچھ فائدے ہیں، جیسے—

- ہم اپنی بچت کو محفوظ طریقے سے جمع کرسکتے ہیں۔
- جمع رقم پر سود ملتا ہے۔
- ضرورت پڑنے پر بینک جاکر یا اے ٹی ایم سے اپنی رقم نکال سکتے ہیں۔
- انٹرنیٹ کے ذریعہ سے بنا پیسہ نکالے لین دین کرسکتے ہیں۔
- انٹرنیٹ کے ذریعہ بل بھر سکتے ہیں، ریل گاڑی کا ٹکٹ بھی خرید سکتے ہیں۔

زرینہ۔ کتنے پیسے جمع کیے اور کتنے نکالے یہ سب حساب کیسے رکھتے ہیں۔

شربتی۔ ویسے تو میں ایک ڈائری میں لکھ لیتی ہوں، لیکن بینک ہمیں ایک پاس بک دیتا ہے جس میں بینک ہی حساب درج کردیتا ہے۔

شربتی کی ڈائری، بینک حساب

15فروری	جمع کیے:2000
18فروری	نکالے:500
	بچت:1500
4مارچ	نکالے:1000
	کل:2500
11مارچ	نکالے:600
	بچے:1900
17مارچ	نکالے:700
	بچے:1200

شربتی کا پاس بک

تاریخ	تفصیل	جمع رقم	نکالی گئی رقم	باقی
15-2-2022	نقد	2000		2000
18-2-2022	نقد		500	1500
04-3-2022	نقد	1000		2500
11-3-2022	نقد		600	1900
17-3-2022	نقد		700	1200

اگر شربتی نے 4اپریل کو ₹2500 جمع کیے تو بینک اسے پاس بک میں کہاں درج کرے گا؟ شربتی کے کھاتے میں کُل کتنے روپے ہوجائیں گے۔

استاد کے لیے ہدایت: بات چیت کریں کہ بینک کھاتہ آسانی کے ساتھ کھولا جاسکتا ہے۔ اس کے لیے دو فوٹو اور ووٹر کارڈ، آدھار کارڈ یا دوسرا کوئی اور فوٹو شناختی کارڈ ضروری ہے۔ جن دھن یوجنا میں بنا روپیوں کے بھی کھاتا کھولا جاسکتا ہے۔ اس طرح رقم جمع کرنے اور نکالنے پر پاس بک میں رقم درج ہونے کی حالت اور بقایا رقم معلوم کرنے کے لیے مزید سوال پوچھیں اور اس پر بات چیت کریں۔

▪ اے ٹی ایم کارڈ کی مختصر معلومات

اے ٹی ایم بینک سے پیسہ نکالنے اور جمع کرنے کا ایک الیکٹرونک کارڈ ہوتا ہے۔اس کی مدد سے کہیں بھی، کبھی بھی نقد پیسہ نکال سکتے ہیں اور بینک کھاتے کی تفصیل بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ پیسہ کے لین دین سے متعلق کسی بھی پریشانی کے حل کے لیے صرف بینک سے ہی معلومات کرنی چاہیے۔اے ٹی ایم کارڈ سے پیسے نکالنے کے لیے اے ٹی ایم مشین کا استعمال کیا جاتا ہے۔

یاد رکھیں

چیک کی میعاد چیک پر لکھی گئی تاریخ سے تین مہینے تک ہی قبول ہوگی۔ کراس چیک صرف کھاتے دار کے کھاتے میں ہی جمع ہوتا ہے۔

کبھی کسی کو نہ بتائیں۔

1۔ او ٹی پی　　2۔ پن　　3۔ سی وی وی

4۔ کھاتہ سے متعلق معلومات　　5۔ ذاتی معلومات

KYC کیا ہوتا ہے؟

KYC (Know your Customer) کے لیے ضروری دستاویز

KYC کے ذریعہ سے بینک کسی بھی شخص کی شناخت اور پتہ کی تصدیق کرتا ہے۔اب آدھار کارڈ سے بھی KYC کر سکتے ہیں۔

1۔ پین کارڈ　　2۔ بجلی کا بل　　3۔ آدھار کارڈ　　4۔ گھر کا پتہ

پڑھیے اور لکھیے

ذیل میں مالی اور بینک سے متعلق کچھ ضروری باتیں بتائی گئی ہیں، انھیں پڑھیے:

مالی خواندگی: کیا مطلب؟

- روپیے پیسے کی بچت اور خرچ کے بیچ تال میل کی سے واقفیت۔
- بچت کے بارے میں بیداری

آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- آمدنی، خرچ اور بچت کا حساب کتاب رکھیے
- غیر ضروری خرچ سے بچیے
- بچت کی عادت ڈالیے
- بینک یا ڈاک گھر میں کھاتہ کھولیے
- اپنی بچت کو صحیح جگہ جمع کیجیے

مالی خواندہ بننے سے کیا فائدہ ہوگا؟

- آگے آنے والے خرچ کو پورا کرنے کے لیے پہلے سے تیار رہیں گے۔
- اخراجات کو قابو میں لائیں گے۔
- سمجھ داری سے خرچ کر پائیں گے
- اپنی ضرورتوں سے واقف ہو سکیں گے

بینک میں کھاتہ کھولنے کا فائدہ

- آپ اپنی بچت کو محفوظ طریقے سے بینک کھاتے میں جمع کر سکتے ہیں۔
- جمع رقم پر سود ملتا ہے
- ضرورت پڑنے پر جمع رقم نکال سکتے ہیں

بینک میں کھاتہ کھولنے کے لیے ان میں سے کیا کیا چاہیے۔ صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔

- فوٹو
- آدھار کارڈ
- پین کارڈ
- ووٹر آئی ڈی کارڈ

بینک کھاتہ کھل جانے پر آپ کو بینک سے کیا کیا ملے گا؟

- چیک بک
- پاس بک
- ڈیبٹ روپیے کارڈ (اے ٹی ایم کارڈ)

بھیم ایپ (BHIM)

بھیم ایپ (BHIM) پیسوں کے لین دین کا موبائل ایپ ہے، اسے ای پیمینٹ بھی کہتے ہیں۔اس میں آپ اپنے موبائل کے ذریعہ پیسے کا لین دین کر سکتے ہیں۔

- دور بیٹھے کسی شخص کو پیسے بھیج سکتے ہیں۔
- بچوں کی اسکول کی فیس دے سکتے ہیں۔
- بجلی کے بل کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔
- کیرانے کی دکان والے کو پیسے دے سکتے ہیں۔
- قرض کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔

سب سے پہلے آپ کو اپنے موبائل میں بھیم ایپ ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کرنا ہو گا۔اس میں آپ ہندی کے ساتھ ساتھ 12 اور بھارتی زبانوں میں کام کر سکتے ہیں۔اس ایپ میں آپ بھارتیہ اسٹیٹ بینک کے ساتھ ساتھ دوسرے لگ بھگ 30 بھارتی بینک کھاتوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔

ماخذ: (https://https://www.npci.org.in/www.npci.org.in)
(https://www.npci.org.in/productoverview/bhim/product-overview)

پڑھیے اور لکھیے

سوال: مالی خواندگی کا مطلب پیسوں کو صحیح طریقے سے آمدنی اور خرچ میں تال میل کرنا اور بچت کے لیے آگاہ ہونا ہے۔

بینک میں کھاتہ کھولنے کے لیے نیچے لکھے دستاویز ضروری ہوتے ہیں

- فوٹو
- آدھار کارڈ
- ووٹر آئی ڈی کارڈ
- پین کارڈ
- بجلی کا بل
- گھر کا پتہ

ڈیبٹ کارڈ سے بہت سارے کام کر سکتے ہیں۔ نیچے کچھ کاموں کی فہرست دی جارہی ہے۔

- خریداری
- کیرانہ
- آن لائن خریداری
- ٹکٹ بکنگ
- ہوٹل بکنگ
- آن لائن ادائیگی (Payment)
- اسکول فیس کی ادائیگی
- پیسے ٹرانسفر کر سکتے ہیں
- ____________
- ____________
- ____________
- ____________

اس کے علاوہ آپ ڈیبٹ کارڈ سے کیا کیا کر سکتے ہیں: بتائیے اور لکھیے

استاد کے لیے ہدایت: مالی خواندگی موضوع پر بات چیت کیجیے۔ ساتھیوں سے پوچھ کر موضوع سے متعلق تین چار الفاظ لکھیے۔ یہ لفظ ان کی اپنی زبان کے ہو سکتے ہیں، جیسے روپئے کے لیے روپیا وغیرہ

▪ مل کر پڑھیے:

خیرات کا حساب

ایک تھا بادشاہ۔ بہت خود غرض، اپنی خوشی کے لیے ہزاروں خرچ کرتا، لیکن عوام کی مدد کے وقت اس کی مٹھی بند ہو جاتی تھی۔

ایک بار ملک میں قحط پڑا۔ لوگ بادشاہ کے پاس مدد مانگنے آئے، انھوں نے التجا کی کہ "بادشاہ سلامت شاہی خزانے سے ہمیں کچھ رقم دیجیے تاکہ ہم اناج خرید سکیں"۔

لیکن بادشاہ نے رقم دینے سے صاف انکار کر دیا۔ اس نے کہا "آج آپ لوگ قحط سے پریشان ہیں۔ کل زلزلہ آسکتا ہے۔ اس طرح سب کی مدد کرتے کرتے شاہی خزانہ خالی ہو جائے گا۔ تب میرے پاس کچھ بھی دولت نہیں بچے گی"۔ لوگ ناامید ہو کر واپس چلے گئے۔

وقت گزرتا گیا۔ قحط کا زور بڑھتا گیا۔ ہزاروں لوگ بھوک سے مرنے لگے۔ لوگ بار بار بادشاہ سے مدد کی التجا کرتے رہے پر بادشاہ ٹَس سے مَس نہ ہوا۔

کچھ دن بعد ایک درویش بادشاہ کے دربار میں آیا۔اس نے کہا ”بادشاہ سلامت! بڑی دور سے آپ کی تعریف سن کر آیا ہوں، اس درویش کی خواہش بھی پوری کردیں۔“

تعریف سن کر بادشاہ نے خوش ہو کر کہا۔ ”بتائیے آپ کو کیا چاہیے؟“ درویش نے کہا ”میں بیس دن تک معمولی سی خیرات لینا چاہتا ہوں، لیکن میری خیرات کا ایک اصول ہے۔پہلے دن جو لیتا ہوں، دوسرے دن اس کا دوگنا، تیسرے دن اس کا دوگنا، چوتھے

دن تیسرے دن کا دوگنا، اسی طرح روزانہ دوگنا لیتا جاتا ہوں“۔

بادشاہ نے پوچھا۔”آپ پہلے دن کتنا لیں گے؟“

درویش نے کہا،”صرف ایک روپیہ۔“

بادشاہ خوش ہوگیا۔اس نے حکم دیا شاہی خزانے سے درویش کے کہنے کے مطابق خیرات دی جائے۔

15 دن گزر گئے تو خزانچی چونکا۔خیرات میں کافی رقم نکالی جارہی تھی۔اس نے حساب لگایا 20 دن میں 10 لاکھ 48 ہزار 5 سو 75 روپے دینے ہوں گے۔

خیرات کا حساب

پہلا دن	1 روپیہ
دوسرا دن	2 روپے
تیسرا دن	4 روپے
چوتھا دن	8 روپے
پانچواں دن	16 روپے
چھٹا دن	32 روپے
ساتواں دن	64 روپے
آٹھواں دن	128 روپے
نواں دن	256 روپے
دسواں دن	512 روپے
گیارہواں دن	1024 روپے
بارہواں دن	2048 روپے
تیرہواں دن	4096 روپے
چودھواں دن	8192 روپے
پندرھواں دن	16384 روپے
سولہواں دن	32768 روپے
سترہواں دن	65536 روپے
اٹھارواں دن	131072 روپے
انیسواں دن	262144 روپے
بیسواں دن	524288 روپے
کُل	1048575 روپے

اس نے یہ حساب بادشاہ کو بتایا۔حساب دیکھ کر بادشاہ بے ہوش ہو گیا۔

درویش کو بلایا گیا۔بادشاہ نے اس سے رقم کم کرنے کی درخواست کی۔

درویش نے کہا ”اس ملک میں لوگ قحط سے مر رہے ہیں مجھے اُن کے لیے صرف پچاس ہزار چاہیۓ۔وہ ملتے ہی میں سمجھوں گا میری خیرات مجھے مل گئی۔“

بادشاہ گڑگڑایا۔اس نے کہا”رقم کم کر دیجیے۔“لیکن درویش اپنی بات پر اڑا رہا۔لاچار ہو کر بادشاہ کو پچاس ہزار روپے دینے ہی پڑے۔

شاہی خزانے سے پچاس ہزار روپے راحت کے لیے دیے گئے ہیں۔یہ خبر سارے ملک میں پھیل گئی۔سبھی نے کہا، ”ہمارے بادشاہ سلامت حاتم طائی جیسے ہی سخی ہیں۔“

(مصنف: سُکمار رائے)

ماخذ: رم جھم، جماعت 4

(این۔سی۔ای۔آر۔ٹی NCERT)

سوچیے اور بتائیے:

نیچے دیے گئے محاوروں کا استعمال آپ کب کرتے ہیں؟ موزوں خانے میں لکھیے۔

پیروں تلے زمین کھسکنا	دل باغ باغ ہونا	دل دَھک سے رہ جانا	لال پیلا ہونا
گھی کے دیے جلانا	خون کھولنا	گَدگَد ہونا	آپے سے باہر ہونا

جب بہت خوشی ہوتی ہے	جب بہت پریشانی ہوتی ہے	جب بہت غصّہ آتا ہے

تبصرہ